24672

1/18

۹۹۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوال یہ ہے کہ اگر کسی کمپنی کے شئیر ہولڈرز ایسے ہوں جنہوں نے شئیرز خریدے ہوں اور ان میں سے کچھ کمپنی کے ڈائیرکٹر بھی ہوں اور کچھ ڈائیرکٹر نہ ہوں لیکن شئیر ہولڈر ہوں تو ان شئیرز کی زکاۃ کی ادائیگی کا طریقہ کار کیا ہوگا؟ جبکہ یہاں شئیرز خریدنے والوں کا مقصد شئیرز کو بیچنا نہیں ہے بلکہ Dividend حاصل کرنا ہے؟ واضح رہے کہ یہ جو شئیرز ہیں یہ شئیرز اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ہیں اور اسٹاک ایکسچینج میں انکی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

اسکے بارے میں جو بات مشہور ہے وہ یہ ہے کہ قابل زکاۃ اثاثوں کا حساب لگایا جائیگا اور جو قابل زکاۃ اثاثے ہونگے انکے تناسب سے زکوۃ ادا کی جائیگی۔ ہمارا سوال یہ ہے کہ کیا اس صورت میں قابل زکاۃ اثاثوں میں سے دیون یعنی قرضے منہا کئے جائینگے یا نہیں کئے جائینگے؟

سائل: محمد جاوید
سندھی مسلم سوسائٹی کراچی
03323705414

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۳۴/۲۱۳

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامدا ومصليا

ہماری معلومات کے مطابق کسی بھی کمپنی کے شئیرز کی بازاری قیمت اس کے دیون (Liabilities) کو منہا کرنے کے بعد ہی بازار میں رائج ہوتی ہے، اور شئیرز اس کمپنی کے صرف سرمایہ کے ایک متناسب حصے کی نمائندگی کررہے ہوتے ہیں، اور سرمایہ سے مراد کمپنی کا وہ سرمایہ ہوتا ہے، جو اسکے اثاثہ جات (Assets) میں سے اسکے دیون (Liabilities) منہا کرنے کے بعد بچے، لہٰذا اگر یہ بات درست ہے تو شئیرز کی زکوٰۃ کا حساب کرتے وقت اسکی قیمت میں سے مزید کسی دین (Liability) کو منہا نہیں کیا جائے گا (کیونکہ اس میں سے تمام دیون (Liabilities) پہلے ہی منہا ہوچکے ہیں، اور مزید کسی دین (Liability) کو منہا کرنے کا مطلب ایک ہی قرض کو دو مرتبہ منہا کرنا ہے، جو کہ جائز نہیں) لہٰذا اگر شئیر تجارت (Capital Gain) کی نیت سے خریدا گیا ہے تو اسکی کل قیمت کا چالیسواں حصہ (ڈھائی فیصد) زکوٰۃ میں ادا کیا جائے گا اور اگر سالانہ منافع (Dividend) حاصل کرنے کی نیت سے خریدا گیا ہے تو ایسے شئیرز کی زکوٰۃ اسکے قابل زکوٰۃ اثاثوں کی مارکیٹ قیمت پر واجب ہوگی۔

فی "اسلام اور جدید معیشت و تجارت" 82:

> "صافی مالیت: اثاثوں میں سے ذمہ داریاں منہا کرکے جو باقی بچے اس کو صافی مالیت "المالیۃ الصافیۃ" (Net Worth) کہتے ہیں۔ یہی مالیت دراصل حصہ داروں کی ملکیت ہوتی ہے۔" ....

واللہ تعالیٰ اعلم

محمد طلحہ ہاشم عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۸/ صفر الخیر ۱۴۴۱ھ

8/ اکتوبر/ 2019ء

الجواب صحیح

الجواب صحیح

۰۹-۱۰-۲۰۱۹

الجواب صحیح

۱۰/ ۲/ ۱۴۴۱ھ

دار الافتاء

مفتی

Scanned by CamScanner